India-Türkiye Foreign Office Consultations

June 11, 2022

ہندوستان- ترکی کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت

11 جون، 2022

ہندوستان- ترکی کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کا 11 واں دور 10 جون 2022 کو انقرہ میں منعقد ہوا۔ مشاورت کی مشترکہ صدارت سکریٹری (مغرب) جناب سنجے ورما، اور جمہوریہ ترکی کے نائب وزیر خارجہ جناب سیدات اونل نے کی۔ ایف او سی کا آخری دور مئی 2019 میں نئی دہلی میں منعقد ہوا تھا۔

2۔ مشاورت کے دوران، دونوں فریقوں نے دو طرفہ تعلقات کا جامع جائزہ لیا۔ دونوں فریقوں نے اس بات کو سراہا کہ تجارتی تعلقات 2021-2022 میں 10 بلین امریکی ڈالر سے زیادہ ہونے کے ساتھ اوپر کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ ہندوستانی کمپنیاں ترکی کے آٹوموبائل، فارما اور آئی ٹی کے شعبوں میں موجود ہیں۔ جبکہ ترکی کی کمپنیاں ہندوستان کے بنیادی ڈھانچے اور انجینئرنگ کے شعبوں میں مواقع دیکھ رہی ہیں۔ دونوں اطراف نے اقتصادی، ثقافتی اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات کو مزید آگے بڑھانے پر اتفاق کیا۔

3۔ دونوں فریقین نے یوکرین اور ہند- بحر الکاہل سمیت علاقائی اور عالمی مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے دوطرفہ سفارتی تعلقات کے 75 سال کو مناسب انداز میں منانے پر بھی اتفاق کیا۔

4۔ بات چیت افہام وتفہیم اور بے تکلفی کے جذبے سے ہوئی تھی۔ دونوں فریقوں نے اگلے سال باہمی طور پر مناسب تاریخ پر مشاورت کا اگلا دور ہندوستان میں منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

10 جون، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.